ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امتّ محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن و حدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر:30
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:30

مرتب
عالمہ غزالہ/عالمہ ام ھانی

زیرِ نگرانی
علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ تیس مع درسِ حدیث

مرتب : عالمہ غزالہ / عالمہ ام ھانی

صفحات : 15

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

عالمہ غزالہ / عالمہ ام ھانی

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دوار بعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ تیس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوۃ والسلام علیك یارسو ل اللہ

اللہ کی نشانیوں میں غور و فکر کرو. پارہ 30 سورہ النباء آیت 6 تا 16..

فرعون کے انجام کو دیکھ کر عبرت پکڑو۔ پارہ 30 سورہ نازیات آیت

15 تا 26

اے لوگو اللہ کے دوبارہ پیدا کرنے پر شک نہ کرو۔

پارہ 30 سورہ نازعات آیت (27).

اللہ کی خلق کی ہوئی چیزوں پر غور کرو۔

پارہ 30 سورہ نازعات آیت 28 تا 33.

دوسروں کی بات مکمل ہونے کا انتظار کرو

پارہ 30 سورہ عبس آیت (1 تا 10)

اللہ کے ناشکرے نہ بنو۔

تو آدمی کو چاہیۓ اپنے کھانوں کو دیکھے کہ ہم نے اچھی طرح پانی ڈالا پھر زمین کو خوب چیرا تو اس میں اُگایا اناج اور انگور اور چارہ اور زیتون اور

کھجور اور گھنے باغیچے اور میوے اور دُوب تمہارے فائدے کو اور تمہارے چوپایوں کے۔

پارہ30سورہ عبس آیت(24تا32).

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب پر ایمان لاؤ۔پارہ 30سورہ تکویر آیت(23تا24)۔

اے آدمی تجھے کس چیز نے فریب دیا اپنے کرم والے رب سے جس نے تجھے پیدا کیا پھر ٹھیک بنایا پھر ہموار فرمایا جس صورت میں چاہا تجھے ترکیب دیا کوئی نہیں بلکہ تم انصاف ہونے کو جھٹلاتے ہو۔پارہ 30 سورہ انفطار آیت(6تا9).

اے لوگو کم نہ تولو اور آخرت کی تیاری کرو۔ پارہ 30 سورہ المطففین آیت(1تا6)۔

صبح وشام اپنے رب کی بڑائی بولو۔

(پارہ30/سورہ فجر/آیت:1تا2)

رات کے پچھلے پہر اٹھ کر دعا اور نماز میں کوشش کرو۔

(پارہ30/سورہ فجر/آیت:3تا4)

یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ شفقت و نرمی سے پیش آؤ۔

انکے ساتھ ظلم نہ کرو۔

(پارہ 30 / سورہ فجر / آیت: 17 تا 18)

ناحق طریقے سے کسی کا مال نہ کھاؤ۔

مال و دولت کی حرص میں نہ پڑو۔

(پارہ 30 / سورہ فجر / آیت: 19 تا 20)

ایک دوسرے کو صبر کی وصیتیں کرو۔ ایک دوسرے پر رحم کرو۔

(پارہ 30 / سورہ البلد / آیت: 17 تا 18)

اپنے نفس کی پاکیزگی پر توجہ دو۔

خود کو گناہوں میں مبتلا نہ کرو۔

(پارہ 30 / سورہ شمس / آیت: 9 تا 10)

نشانہائے قدرت کی بے حرمتی نہ کرو۔

(پارہ 30 / سورہ شمس / آیت: 11 تا 15)

پرہیز گاری اختیار کرو۔

بھلائی کی باتوں میں تصدیق کرو۔

بخیلی نہ کرو۔

فرمان الٰہی کو نہ جھٹلاؤ۔

(پارہ30 / سورہ الیل / آیت:4تا10)

یتیموں کو نہ ستاؤ۔ انکے ساتھ اچھا سلوک کرو۔

(پارہ30 / سورہ الضحی / آیت:9)

کبھی کسی مانگنے والے کو ڈانٹ ڈپٹ نہ لگاؤ۔ انہیں حسن سلوک سے دیا کرو۔(پارہ30 / سورہ الضحی / آیت:10)

اللہ رب العزت کی طرف سے ملنے والے ہر انعام پر اسکا شکر کرو اور اسکا چرچا کرو۔ کائنات کی سب سے عظیم نعمت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد پر خوب خوشیاں مناؤ۔(پارہ30 / سورہ الضحی / آیت:11)

کثرت سے دعائیں مانگا کرو بالخصوص نماز میں۔

دعا مانگنے میں پوری توجہ دل لگا کر دعا مانگو۔

(پارہ30 / سورہ الم نشرح / آیت:7)

اللہ ربّ العزت کی طرف لو لگاؤ۔

(پارہ30 / سورہ الم نشرح / آیت:8)

علم حاصل کرو۔

(پارہ30/سورہ العلق/آیت:1تا2)

سرکشی اور نافرمانی نہ کرو۔

(پارہ30/سورہ العلق/آیت:6تا8)

نماز و غیرہ دیگر عبادات سے نہ روکو۔

(پارہ30/سورہ العلق/آیت:9تا10)

اللہ کی بندگی کرو۔توحید پر قائم رہو۔نماز ادا کرو۔زکوۃ دو۔ صراط مستقیم پر گامزن ہو جاؤ۔(پارہ30/سورہ البینۃ/آیت:5)

اللہ رب العزت کی ناشکری نہ کرو۔اپنے اعمال کا احتساب کرتے رہو۔(پارہ30/سورہ العدیت/آیت:6تا6

کثرت مال و دولت کی طلب میں اپنی زندگی نہ گنواؤ۔ قبر کی تیاری کرو۔ (پارہ30/سورہ التکاثر/آیت:1تا2)

کسی کی عیب جوئی نہ کرو۔کسی کی پس پشت برائی نہ کرو۔

(پارہ30/سورہ الھمزۃ/آیت:1)

مال و دولت کا جمع کرنا زندگی کا مقصد نہ بناؤ۔(پارہ30/سورہ الھمزۃ/

آیت:2)

دین اسلام کو نہ جھٹلاؤ۔(پارہ30/سورہ الماعون/آیت:1)

یتیموں کو نہ جھڑکو۔انکے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ۔(پارہ30/
سورہ الماعون/آیت:2)

مسکین کو کھانا دو۔(پارہ30/سورہ الماعون/آیت:3)

نمازیں ترک نہ کرو۔ریاکاری نہ کرو۔

(پارہ30/سورہ الماعون/آیت:4تا6)

کسی کو برتنے کے سامان دینے سے انکار نہ کرو۔

(پارہ30/سورہ الماعون/آیت:7)

نماز پڑھو۔قربانی کرو۔

(پارہ30/سورہ الکوثر/آیت:1تا3)

اپنے دین پر قائم رہو۔کافروں کا کہنا نہ مانو۔

(پارہ30/سورہ الکافرون/آیت:1تا6)

اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰہِ وَ الۡفَتۡحُ ۙ(1)وَ رَاَیۡتَ النَّاسَ یَدۡخُلُوۡنَ فِیۡ دِیۡنِ اللّٰہِ اَفۡوَاجًا ۙ(2)فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّکَ وَ اسۡتَغۡفِرۡہُ ؕؔ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا (3)

اللہ کی مدد کا یقین رکھو۔ اللہ کے دین میں داخل ہو جاؤ۔

لوگوں کو دین اسلام کی طرف دعوت دو۔

اپنے گناہوں سے توبہ کرو۔

دعاؤں کی قبولیت کا یقین رکھو۔

(پارہ 30 / سورہ النصر / آیت: 1 تا 3)

مال و دولت پر بھروسہ نہ کرو جہنم کی آگ بچو۔

(پارہ 30 / سورہ اللھب / آیت: 2 تا 3)

اللہ رب العزت کی وحدانیت کا اقرار کرو۔

اسکو ہر عیب سے پاک مانو۔

(پارہ 30 / سورہ الاخلاص / آیت: 1 تا 4)

اللہ کی پناہ مانگو۔ صبح و شام اسکی پاکی بولو۔ حسد نہ کرو۔ شریر چیزوں سے بچو۔ (پارہ 30 / سورہ الفلق / آیت: 1 تا 5)

کل کائنات کا حاکم مطلق اللہ کی ذات کو جانو۔ ہر شر اور برائی سے اللہ ربّ العزت کی پناہ مانگو۔ (پارہ 30 / سورہ الناس / آیت: 1 تا 6)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

باعثِ مغفرت دُرود شریف

اِنَّ مَنْ قَالَهَا وَكَانَ قَائِماً غُفِرَ لَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّقْعُدَ وَاِنْ كَانَ قَاعِداً غُفِرَ لَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جس نے یہ دُرُودِ پاک پڑھا" اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ "اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اُس کی مغفرِت کر دی جائے گی۔

(سعادۃ الدارین، ص244)

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق و تصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم و مربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی ﷺ کے تربیت و تفہیم کے 212 سے زائد اسالیب و طرق پر مشتمل پہلی جامع و ضخیم تصنیف (متن حدیث و سیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

کتابِ ہذا میں الحمد للہ

تربیت و تفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد للہ علی ذلک

کتاب کے ابواب اور خاصیات

- تعلیم و تعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات ﷺ
- رسول اللہ ﷺ کی تربیت و تفہیم کے ثمرات و نتائج
- رسول اللہ ﷺ کے جامع اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کے متفرق اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کا سوالیہ اسلوبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کے جوابی اسالیبِ تربیت و تفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی ﷺ پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی و تصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی ﷺ پر ہزاروں کتب و مقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات

قیمت مع ہوم ڈیلیوری
صرف 600 روپے